تاج الفحول محب رسول مولانا شاہ عبدالقادر قادری بدایونی

ترجمہ

مولانا دلشاد احمد قادری

اسلام کے بنیادی عقائد

(احسن الکلام فی تحقیق عقائد الاسلام)

تصنیف

تاج الفحول محبّ رسول مولانا شاہ عبدالقادر قادری بدایونی

ترجمہ

مولانا دلشاد احمد قادری

سلسلۂ مطبوعات (79)

عنوان کتاب	:	اسلام کے بنیادی عقائد
تصنیف	:	تاج الفحول مولانا عبدالقادر بدایونی
ترجمہ	:	مولانا دلشاد احمد قادری
طبع اول	:	۱۳۰۰ھ/۱۸۹۹ء
طبع جدید	:	۲۰۱۲ء / ۱۴۳۳ھ

Publisher
TAJUL FUHOOL ACADEMY
(A Unit of Qadri Majeedi Trust)
Madrsa Alia Qadria, Maulvi Mohalla, Budaun-243601 (U.P.) India
Mob.: +91-9897503199, +91-9358563720
E-Mail: qadrimajeeditrust@gmail.com, Website: www.qadri.in.com

Distributor
Maktaba Jam-e-Noor
422, Matia Mahal, Jama Masjid, Delhi-6
Phone : 011-23281418

Distributor
New Khwaja Book Depot.
Matia Mahal,
Jama Masjid, Delhi-6
Mob. : 0091-9313086318

انتساب

مدرسہ عالیہ قادریہ بدایوں شریف

کے نام

عقیدۂ اہل سنت کی تبلیغ واشاعت

اور مسلک اہل سنت کی حفاظت وصیانت

کل بھی اس مدرسے کا طرۂ امتیاز تھی

اور آج بھی یہ خدمت اس کا فخر اور سرمایہ ہے۔

دلشاد احمد قادری

خادم مدرسہ عالیہ قادریہ بدایوں شریف

عرض ناشر

تاج الفحول اکیڈمی خانقاہ عالیہ قادریہ بدایوں شریف کا ایک ذیلی ادارہ ہے، جو تاجدار اہل سنت حضرت شیخ عبدالحمید محمد سالم قادری (زیب سجادہ خانقاہ قادریہ بدایوں شریف) کی سرپرستی اور صاحبزادہ گرامی مولانا اسید الحق قادری بدایونی (ولی عہد خانقاہ قادریہ، بدایوں) کی نگرانی اور قیادت میں عزم محکم اور عمل پیہم کے ساتھ تحقیق، تصنیف، ترجمہ اور نشر و اشاعت کے میدان میں سرگرم عمل ہے، اکیڈمی کے زیر اہتمام اب تک عربی، اردو، ہندی، انگلش، گجراتی اور مراٹھی زبانوں میں تقریباً ۷۰ رکتابیں منظر عام پر آچکی ہیں اور نشر و اشاعت کا یہ سلسلہ جاری ہے۔

تاج الفحول اکیڈمی کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس نے ہر حلقے اور ہر طبقے کی دلچسپی اور ضرورتوں کے پیش نظر اشاعتی خدمات انجام دی ہیں، خالص علمی اور تحقیقی کتب، ادبی اور شعری نگارشات، عام لوگوں کی تربیت و اصلاح کے لیے آسان زبان میں رسائل، اکابر بدایوں کی سیرت و سوانح، باطل افکار و نظریات کے رد و ابطال اور مسلک حق کے اثبات میں قدیم و جدید رسائل اور غیر مسلم برادران وطن کے لیے اسلام کے تعارف پر مشتمل سلجھا ہوا دعوتی اور تبلیغی لٹریچر غرض کہ اکیڈمی ان تمام میدانوں میں بیک وقت تحقیقی، تصنیفی اور اشاعتی خدمات انجام دے رہی ہے۔

ابتدا ہی سے تاج الفحول اکیڈمی کے منصوبے میں یہ بات بھی شامل تھی کہ خانوادۂ قادریہ بدایوں شریف اور خانوادۂ قادریہ سے وابستہ علما، مشائخ اور ادبا و شعرا کی قدیم و نایاب تصانیف کو جدید انداز میں منظر عام پر لایا جائے، اور ان عظیم شخصیات کے علوم و معارف اور ان کی حیات و خدمات سے موجودہ نسل کو روشناس کروایا جائے، بفضلہٖ تعالیٰ اکیڈمی نے اس سمت میں بھی کامیاب کوششیں کی ہیں، زیر نظر کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

رب قدیر و مقتدر سے دعا ہے کہ اکیڈمی کی خدمات قبول فرمائے، ہمیں زیادہ سے زیادہ دینی خدمات کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اور ہمارے اشاعتی منصوبوں کی تکمیل میں آسانیاں پیدا فرمائے۔

محمد عبدالقیوم قادری
جنرل سیکریٹری تاج الفحول اکیڈمی
خادم خانقاہ قادریہ بدایوں

فہرست مشمولات

عنوان | **صفحہ**

☆☆☆

ابتدائیہ

حضرت تاج الفحول محبّ رسول مولانا شاہ عبدالقادر بدایونی کا شمار تیرہویں صدی میں برصغیر کے اجلہ علما میں ہوتا ہے۔ اپنے زمانے میں آپ امام وقت، مرجع علما، افقہ زمانہ، کاروان سنیت کے علم بردار اور قافلہ تصوف وسلوک کے سالار تھے۔

آپ کی ولادت بدایوں کے مشہور عثمانی خانوادے میں ۱۷؍رجب ۱۲۵۳ھ/ ۱۸۳۷ء کو ہوئی، سیف اللہ المسلول مولانا شاہ فضل رسول بدایونی آپ کے والد ماجد اور حضرت شاہ عین الحق عبدالمجید قادری آپ کے جد محترم ہیں۔ تعلیم کے ابتدائی مراحل جد محترم اور والد ماجد کے زیر سایہ طے کیے، معقول ومنقول کی اعلیٰ تعلیم استاذ الاساتذہ مولانا نور احمد عثمانی بدایونی اور استاذ مطلق علامہ فضل حق خیرآبادی کی درسگاہوں سے حاصل کی۔ سند المحدثین الشیخ جمال حنفی مکی سے مکہ مکرمہ میں حدیث سماعت کر کے اجازت اور سند حدیث حاصل کی۔

اپنے والد حضرت سیف اللہ المسلول سے اخذ بیعت کیا اور آپ کی زیر نگرانی سلوک کی منزلیں طے کیں، تکمیل سلوک کے بعد اجازت وخلافت سے نوازے گئے۔

والد ماجد کے حکم اور اجازت سے مدرسہ قادریہ کی مسند درس وتدریس کو رونق بخشی، ایک زمانہ آپ کی درس گاہ سے فیض یاب ہوا، حافظ بخاری سید شاہ عبدالصمد سہسوانی اور استاذ العلما علامہ محبّ احمد قادری بدایونی جیسے اپنے زمانے کے اجلہ علما آپ کے تلامذہ ومستفیدین میں شامل ہیں۔

احقاق حق اور ابطال باطل کا جذبہ والد محترم سے ورثے میں پایا تھا، اپنے زمانے میں اٹھنے والے بدعقیدگی، گمراہی اور گمراہ گری کے تمام فتنوں کے مقابلے میں مسلک اہل سنت اور عقیدہ حقہ کی حفاظت ودفاع کا فریضہ ایسے حسن وخوبی سے انجام دیا کہ معاصر علما ومشائخ کی نظر میں آپ کا قرب، آپ سے نسبت اور آپ کی محبت سنیت کی علامت قرار پائی۔ نور العارفین سیدنا شاہ ابوالحسین احمد نوری مارہروی قدس سرہ نے آپ کے بارے میں ارشاد فرمایا:

ہمارے دور میں سنیت کی شناخت محبت مولانا عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہے، ہرگز کوئی بدمذہب ان سے محبت نہ رکھے گا۔

(تذکرۂ نوری: غلام شبر قادری ص ۱۲۹، سنی دارالاشاعت لائلپور پاکستان)

عربی، فارسی اور اردو تینوں زبانوں میں آپ کی تصانیف کا ذخیرہ موجود ہے، جس میں بہت سی کتابیں طبع ہو چکی ہیں اور بعض ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔

۱۷ر جمادی الاولیٰ ۱۳۱۹ھ/ ۱۹۰۱ء بروز اتوار آپ نے وصال فرمایا، درگاہ قادری مجیدی بدایوں میں والد گرامی کے پہلو میں آرام فرما ہیں۔

زیر نظر رسالہ ''احسن الکلام فی تحقیق عقائد الاسلام'' علم کلام وعقائد کا مختصر متن ہے، جو خصوصیت کے ساتھ طلبۂ مدارس کے لیے تصنیف کیا گیا تھا، آج سے کم وبیش ایک صدی قبل تک یہ رسالہ بعض مدارس اہل سنت کے نصاب میں داخل تھا، مدرسہ اہل سنت حنفیہ پٹنہ (قیام ۱۳۱۸ھ) کے مطبوعہ نصاب تعلیم میں اس کا ذکر موجود ہے۔ (دیکھیے دربار حق وہدایت: مرتب قاضی عبدالوحید فردوسی، ص: ۸، مطبع حنفیہ پٹنہ، ۱۳۱۸ھ)

مدرسہ شمس العلوم بدایوں کے نصاب تعلیم میں بھی یہ رسالہ مدتوں شامل رہا۔ ۱۳۲۹ھ میں مولانا حکیم عبدالماجد قادری بدایونی نے اردو زبان میں ''خلاصۃ العقائد'' کے نام سے اس کی شرح لکھی، مولانا عبدالماجد کی یہ شرح بھی ایک زمانے تک مدرسہ شمس العلوم میں پڑھائی جاتی رہی۔

چند برس پہلے مَیں نے مدرسہ قادریہ بدایوں شریف میں از سر نو تعلیم وتدریس کا سلسلہ شروع کیا تو اس کے جدید نصاب میں اس رسالے کو بھی شامل کرلیا، یہ رسالہ جماعت ثانیہ میں پڑھایا جاتا ہے اور کوشش کی جاتی ہے کہ طلبہ کو زبانی یاد کرادیا جائے۔

ارادہ ہے کہ اس رسالے کی عربی زبان میں ایک ایسی جامع شرح لکھی جائے جو مدرسہ قادریہ میں جماعت رابعہ یا خامسہ میں داخل ہو، اس کے بعد شرح عقائد نسفی پڑھائی جائے۔ رب قدیر ومقتدر اس ارادے کو عملی جامہ پہنانے کی توفیق اور صلاحیت عطا فرمائے اور اس میں آسانیاں پیدا فرمائے۔

یہ رسالہ ۱۲۹۷ھ/ ۸۰-۱۸۷۹ء میں تالیف کیا گیا۔ حضرت تاج الفحول کے شاگرد مولانا

غلام سادات صدیقی بدایونی نے سنہ ۱۳۰۰ھ میں اس کا اردو ترجمہ کیا جو مطبع شگوفہ فیض سے شایع ہوا۔ اس ترجمے کو اب ایک صدی سے زیادہ کا عرصہ ہو گیا، اس لیے میری خواہش پر عزیزم مولانا دلشاد احمد قادری (مدرس مدرسہ قادریہ بدایوں) نے اس کا ازسرِ نو ترجمہ کیا ہے جو آپ کے پیش نظر ہے۔ پہلی اشاعت میں اردو ترجمہ تحت اللفظ تھا، اس جدید اشاعت میں متن اور ترجمہ علیحدہ علیحدہ شایع کیا جا رہا ہے۔

یہ رسالہ اپنے اختصار کے باوجود شان جامعیت رکھتا ہے، زبان بھی آسان اور سادہ استعمال کی گئی ہے، ہاں البتہ اُس زمانے کے مذاق کے مطابق عبارت مسجع و مقفی ہے، اس کے باوجود غیر ضروری تکلف سے پاک ہے۔ عزیزم مولانا دلشاد احمد قادری نے نہایت عمدگی سے رسالے کو اردو کا جامہ پہنایا ہے، ترجمہ سادہ، شگفتہ اور سلیس ہے۔

اس رسالے میں بیان کیے گئے تمام عقائد جمہور اہل سنت کے منتخب عقائد ہیں، انہیں عقائد پر سواد اعظم اہل سنت کی بنیاد قائم ہے، ماضی میں بھی خانقاہ عالیہ قادریہ بدایوں سواد اعظم کے انہیں عقائد اور اسی مسلک کی مبلغ و ترجمان تھی اور آج بھی اس رسالے میں درج تمام عقائد کی صحت و حقانیت کے اعتراف کے ساتھ اسی مسلک سواد اعظم کی تبلیغ و اشاعت اور ترجمانی کا فریضہ انجام دے رہی ہے۔ فالحمدللہ

رب قدیر و مقتدر اس رسالے کو اسلام و سنیت کے لیے نافع بنائے۔ تاج الفحول اکیڈمی کی ان دینی خدمات کو شرف قبول عطا فرمائے اور اراکین ادارہ کو دین و سنیت کی مزید خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اسید الحق قادری	۲۵ ؍ رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ
خانقاہ قادریہ بدایوں	۱۵ ؍ اگست ۲۰۱۲ء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

الحمد للّٰہ الواجب الوجود القدیم المعبود والصلوۃ والسلام علی حبیبہ محمد صاحب المقام المحمود وعلیٰ اٰلہ وصحبہ واولیاء امتہ بعدد کل موجود الی الیوم الموعود.

اما بعد:

اہل حق کے عقائد کا جامع یہ مختصر نفع بخش رسالہ ہے جس کو مَیں نے جماہیر اہل سنت کی تحقیقات سے منتخب کیا ہے اور غیر پسندیدہ اقوال کے ذکر سے اعراض وروگردانی کی ہے، لہٰذا اے خالص حق کے طلبگار! تو اس روشن و تابناک چراغ کو مضبوطی سے تھام لے اور اقوال شاذہ کی اتباع وتقلید سے اپنے آپ کو محفوظ رکھ ورنہ تو وسوسوں کی تاریکیوں میں جا پڑے گا۔

اللہ رب العزت مجھے اور تمہیں سلفِ صالحین اور خلف محققین کے سواد اعظم کی اتباع و پیروی کی توفیقِ رفیق عطا فرمائے اور ہر قسم کی برائی، ہلاکت وتباہی سے امن وامان بخشے، یہ رسالہ دس اقوال پر مشتمل ہے، اللہ ذوالجلال والاکرام سے مَیں اپنے اور تیرے لیے توفیق کا امیدوار اور دعا گو ہوں۔

اللہ کے متعلق عقائد

(۱) ہمارا اعتقاد ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات وصفات میں قدیم واجب الوجود ہے۔ اور اس کے علاوہ ہر چیز اپنے پیدا ہونے میں اس کے پیدا کرنے کی محتاج ہے۔

(۲) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ اللہ رب العزت کی صفات میں سے ایک صفت حیات ہے، لہٰذا وہ زندہ ہے، اس پر موت کا طاری ہونا ممتنع ومحال ہے۔

(۳) ہمارا عقیدہ ہے کہ باری تعالیٰ کی صفات ذاتیہ ممکنات کی صفات کے مانند نہیں ہیں، صفاتِ باری تعالیٰ نہ اس کی عینِ ذات ہیں اور نہ اس کی غیر ذات اور ان صفات کا باری تعالیٰ کی ذات سے جدا اور سلب ہونا ناممکن ہے۔

(۴) ہمارا اعتقاد ہے کہ اللہ جل شانہ ہر چیز کا جاننے والا اور ہر غیب سے باخبر ہے، اس پر چھوٹی بڑی، ادنیٰ واعلیٰ کوئی چیز مخفی وپوشیدہ نہیں۔

(۵) ہمارا عقیدہ ہے کہ مستقل بالذات علم غیب اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے اور جو علم غیب انبیائے کرام اور اولیائے عظام کے حق میں ثابت ہے وہ مستقل بالذات نہیں بلکہ خدائے برتر کی عطا و بخشش کی بنا پر حاصل ہے۔

(٦) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مسموعات کو سنتا ہے اور مبصرات کو دیکھتا ہے اگرچہ اس کا سننا اور دیکھنا آلات سمع و بصر کا محتاج نہیں۔

(۷) ہمارا عقیدہ ہے کہ رب تبارک وتعالیٰ تمام ممکن امور پر قادر ہے، لہٰذا ہر وہ امر جو فی نفسہ ممکن ہے خواہ موجود ہو یا معدوم، بندہ اس ممکن امر پر قادر ہو یا نہ ہو باری تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل ہے اور رہا واجب ذاتی یعنی حق تبارک وتعالیٰ کی ذات اور اس کی صفات تو یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت نہیں آتی ہیں جیسا کہ یہ بات کسی بھی ذی شعور پر پوشیدہ نہیں۔ اسی طرح ممتنع ذاتی بھی قدرت الٰہی کے تحت نہیں آتی جیسے حق تعالیٰ کا اپنی ذات کو ختم کر لینا، بیٹا بنانا، کذب کے عیب کے ساتھ متصف ہونا، اجتماع نقیضین کا مصداق بننا، یہ امور اپنے مفہوم کے باطل ہونے کے باعث مقدور الٰہی بننے کی صلاحیت و اہلیت نہیں رکھتے۔ علمائے کرام کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ جس امر کا وجود ممتنع بالغیر ہے قدرت الٰہی کا تعلق اس سے درست ہے یا نہیں مثلاً جس چیز کی اس نے خبر دی اب اس کے خلاف کرنا، ہمارے نزدیک فی نفسہٖ قدرت کا تعلق ممتنع بالغیر سے درست ہے یہی قول راجح ومختار ہے۔

(۸) ہمارا اعتقاد ہے کہ باری تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت ''تکوین'' ہے اور صفتِ تکوین صفتِ قدرت سے خاص ہے، لہٰذا تکوین کا تعلق اسی چیز سے ہوتا ہے جو کسی وقت موجود ہو۔

(۹) ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ چاہنے والا اور ارادہ فرمانے والا ہے، بغیر اس کی مشیت و ارادے کے مخلوق میں کوئی چیز نہیں پائی جاتی۔

(۱۰) ہمارا اعتقاد ہے کہ اس کی صفات میں سے ایک صفت یہ ہے کہ وہ کلام نفسی کے ساتھ متصف ہے۔ کلام نفسی اس کی صفت حقیقیہ ہے، لیکن یہ صفت آوازوں اور حروف کی جنس سے نہیں ہے اور وہ عربی معجز لفظ (یعنی قرآن کریم) جو اس صفت حقیقیہ پر دلالت کرتا ہے وہ بھی باری تعالیٰ کی صفت اس معنی کر ہے کہ وہ کسی مخلوق کی تالیف نہیں ہے، لیکن اس کلام لفظی کے قدیم ہونے میں

اہل سنت و جماعت کے مابین اختلاف و نزاع ہے اور کلام نفسی بہ اتفاق علمائے کرام قدیم ہے۔ بعض نادان لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ مرکب حروف، مرتب آواز اور منقش نقوش ذاتِ باری تعالیٰ کے ساتھ قائم ہیں تو یہ گمراہ لوگوں کا قول ہے۔

(۱۱) ہمارا اعتقاد ہے کہ اللہ رب العزت تنہا ہے الوہیت میں کوئی اس کا شریک نہیں اور الوہیت سے مراد واجب الوجود کا اعتقاد اور عبادت و بندگی کا مستحق ہونا ہے۔

(۱۲) ہمارا عقیدہ ہے کہ عالم میں جو اجسام وصفات اور افعال پائے جاتے ہیں اللہ جل شانہ کے سوا کوئی ان کا تخلیق کرنے والا نہیں۔ بندے کو اس کے افعال کا خالق ماننا اس اعتقاد کے ساتھ کہ وہ معبود نہیں ہے جیسا کہ معتزلہ کا قول ہے اگر چہ یہ عرف شرع میں شرک نہیں لیکن اس کے باطل و گمراہ ہونے میں کوئی کلام نہیں۔

(۱۳) ہمارا عقیدہ ہے کہ باری تعالیٰ بے نیاز مختار ہے، وہ جو بھی کرتا ہے اختیار سے کرتا ہے اس پر کوئی جبر و اکراہ نہیں۔

(۱۴) ہمارا اعتقاد ہے کہ باری تعالیٰ کے افعال، اغراض و علل اور اسباب کے محتاج نہیں اگر چہ افعالِ باری تعالیٰ مصلحت اور حکمتوں سے خالی نہیں ہوتے ہیں اور ان حکمتوں و مصلحتوں کی تفصیل وہی حکیم و دانا خالقِ دو جہاں جانتا ہے۔

(۱۵) ہمارا عقیدہ ہے کہ عقلاً اللہ تعالیٰ پر ثواب و عقاب میں سے کوئی چیز واجب و ضروری نہیں اور ثواب و عقاب میں سے ہر ایک کتاب الٰہی میں باری تعالیٰ کے وعدہ فرمانے کے تقاضے کی بنا پر ہوگا۔

(۱۶) ہمارا اعتقاد ہے کہ آخرت میں مومنوں کو باری تعالیٰ کا دیدار بچشم سر ہوگا، مگر یہ دیدار بغیر محاذات اور جہت کے ہوگا۔

(۱۷) ہمارا اعتقاد ہے کہ ماتھے کی آنکھوں سے رویت باری تعالیٰ دنیا میں اولیائے کرام کے لیے محال و ممتنع ہے اور اولیائے کرام کے لیے دنیا میں رویت حقیقیہ کا دعویٰ کرنا گمراہی ہے۔

(۱۸) ہمارا عقیدہ ہے کہ ہر چیز اللہ رب العزت کی تسبیح بیان کرتی ہے، یہاں تک کہ درخت اور پہاڑ بھی، تسبیح کے متعلق جو بھی (قرآن وحدیث میں) وارد ہوا ہے وہ اس کے ظاہر پر محمول ہوگا

اس کی تاویل نہیں کی جائے گی اور اس تسبیح کا ادراک خدائے برتر کی قدرت کے ذریعے ہوگا ادراکِ تسبیح نہ تو بدن انسانی پر منحصر ہے اور نہ حواس ظاہرہ کے آلات کے ساتھ مشروط ہے۔

(۱۹) ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ابعاض واجزا سے مرکب نہیں۔

(۲۰) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ اس کی ذات قدیمہ، صفات خاصہ اور افعال مخصوصہ میں کوئی چیز اس کی شریک نہیں۔

(۲۱) ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نقائص وعیوب کے ساتھ متصف ہونا محال و ممتنع ہے، جیسے موت، جھوٹ وغیرہ اور جس نے اس کے ممکن ہونے کا قول کیا وہ گمراہوں میں سے ہے۔

(۲۲) ہمارا اعتقاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے جسم وجسمانیت کے لوازم (جیسے شکلیں جہات، حرکات) محال و ممتنع ہیں اور (وہ آیات واحادیث) جن کے (ظاہر سے) ان چیزوں کا وہم ہوتا ہے وہ متشابہات میں سے ہیں۔

فرشتوں سے متعلق عقائد

(۲۳) ہمارا اعتقاد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے لیے نور کے جسم پیدا فرمائے ہیں اور ان فرشتوں کو اپنی حکمت وارادے سے امور کا تدبیر کرنے والا بنایا ہے۔ بعض فرشتے وہ ہیں جن کو اپنے انبیا کی جانب بھیج کر اپنی وحی کا امین بنایا، بعض وہ فرشتے ہیں کہ باری تعالیٰ نے جن کے واسطے سے آسمان سے زمین پر پانی نازل فرمایا اور بعض وہ ہیں جن کو اپنے بندوں کی روحیں قبض کرنے پر مامور کیا ہے اور بعض وہ ہیں جن کو بساط دنیا لپیٹنے کے دن صور پھونکنے پر متعین فرمایا ہے اور بعض وہ ہیں جن کو مجالس ذکر کی تلاش وجستجو کے لیے مامور کیا، اور ان میں سے بعض وہ ہیں جن کو رب تعالیٰ نے سیدالابرار جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کے پاس درود پڑھنے والوں کے درود اور سلام کرنے والوں کے سلام پہنچانے پر مامور کیا ہے۔ یہ تمام فرشتے کسی بھی اس چیز میں اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے ہیں جس کا اللہ نے ان کو حکم دیا اور وہی کرتے ہیں جس پر مامور کیے گئے ہیں۔ فرشتے نہ مذکر ہیں اور نہ مؤنث۔

کتابوں کے متعلق عقائد

(۲۴) ہمارا اعتقاد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لیے اپنے فرشتوں کے واسطے

سے کتابیں اور صحیفے بھیجے۔ یہ تمام کتابیں اور صحیفے حکمتوں والے احکام اور قسم قسم کی لطیف باتوں پر مشتمل تھے۔

(۲۵) ہمارا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید تمام کتابوں میں اکمل وافضل کتاب ہے اور یہ اللہ کی جانب سے آخری کتاب نازل ہوئی۔

(۲۶) ہمارا اعتقاد ہے کہ کتب سابقہ کی نقل میں قسم قسم کی تحریف وتبدیلی واقع ہوگئی اور اس تحریف و تبدیلی سے اللہ کے وعدے کی بنا پر قرآن کریم محفوظ ہے۔

(۲۷) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ قرآن کریم آیاتِ محکمات اور بعض آیات متشابہات پر مشتمل ہے۔

(۲۸) جو علوم وروایات نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ سے وارد ہیں ان کے بغیر قران کریم کی تفسیر کا اور کوئی ذریعہ نہیں۔

(۲۹) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ قرآن حکیم کی آیات محکمات کے ظاہری معنیٰ ہی مراد ہیں، ظاہری معانی سے باطنی معانی کی طرف عدول کرنا الحاد وبے دینی ہے۔

(۳۰) ہمارا اعتقاد ہے کہ وہ آیاتِ متشابہات جو (باری تعالیٰ کی) جسمیت وجہات کا وہم پیدا کرتی ہیں وہ اپنے ظاہر پر محمول نہیں ہیں، یا تو ان کی تاویل کی گئی ہے یا کائنات کے رازوں کو جاننے والے (اللہ رب العزت) کے سپرد کردی گئیں ہیں۔

(۳۱) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ قرآن کی ساتوں قرأتیں حق ومتواتر ہیں اور ان قرأتوں کا اختلاف دنیا وآخرت میں مومنین پر اللہ کی نعمت ورحمت ہے۔

انبیائے کرام اور بالخصوص سید الانبیا جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کے متعلق عقیدہ

(۳۲) ہمارا عقیدہ ہے کہ نبی وہ ذات مقدس ہے جس کی طرف اللہ کی جانب سے اس کے نفس کی تکمیل کے لیے شرع سابق یا شرع جدید کے ذریعہ وحی کی گئی اور رسول وہ نبی ہے جس کو اس کے نفس کی تکمیل کے بعد اللہ نے بندوں کی تبلیغ کے لیے بھیجا۔

(۳۳) ہمارا اعتقاد ہے کہ وحی شرعی صرف انبیائے کرام کی جانب ہوتی ہے، اولیائے کرام کی

جانب وحی شرعی نہیں کی جاتی بلکہ الہام کی ایک قسم سے انھیں نوازا جاتا ہے۔

(۳۴) ہمارا اعتقاد ہے کہ جھوٹے نبی کے ہاتھ پر معجزے کا ظہور محال ہے تاکہ کہیں حقیقتِ حال مشتبہ نہ ہو جائے۔

(۳۵) ہمارا عقیدہ ہے کہ نبوت جسے بھی حاصل ہوئی محض اللہ کے فضل سے حاصل ہوئی۔

(۳۶) ہم اعتقاد رکھتے ہیں نبوت کا کسب کے ذریعے حاصل ہونا محال ہے۔

(۳۷) ہمارا عقیدہ ہے کہ جملہ انبیائے کرام اور رسول عظام نبوت کے (اعلان) کے بعد عمداً تمام گناہوں سے معصوم تھے اور امور تبلیغیہ میں خطا وسہو سے بھی محفوظ تھے، اسی طرح وہ نبوت سے پہلے کفر وشرک، کذب و بہتان سے مامون ومحفوظ تھے اور اس سے مراد عصمتِ اصطلاحی ہے۔

ضروری ہے کہ اللہ رب العزت انبیائے کرام کی حفاظت اپنی عنایت وکرم سے فرمائے حتی کہ اللہ کی حمایت کے سبب ان پر گناہوں میں سے کوئی چیز روا نہیں۔

(۳۸) ہمارا اعتقاد ہے کہ عصمت اصطلاحی انبیائے کرام کا خاصہ ہے، جس کسی نے غیر نبی کے لیے نبی کی مانند عصمت کو ثابت مانا وہ ذلیل و بے دین ہے، ہاں اکثر اولیائے کرام کے لیے گناہ و معاصی سے حفاظت پائی جاتی ہے لیکن یہ ممکن نہیں کہ ان کی حفاظت وصیانت انبیا کی عصمت کی طرح ہو۔

(۳۹) ہمارا اعتقاد ہے کہ اللہ عز وجل نے صرف مردوں ہی میں سے نبی بھیجے نہ کہ عورتوں میں سے اور عورتوں کی نبوت کا قول بلاشک وشبہ باطل ہے۔

(۴۰) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ تمام انبیائے کرام نوع انسان سے تھے جیسا کہ جمہور علمائے کرام کا مذہب ہے، رہا جنات کی نبوت کا قول تو یہ شاذ ومتروک ہے اور بعض لوگوں سے یہ جو منقول ہے کہ انبیائے کرام تمام حیوانات یا تمام مخلوق کی جنس سے ہوئے تو یہ جہالت وگمراہی ہے۔

(۴۱) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جن رسولوں کو بھیجا ان میں سے بعض کا ذکر اپنے نبی کے خطاب میں بیان کیا اور بعض کا ذکر اپنی کتاب حکیم میں کیا۔

(۴۲) ہمارا اعتقاد ہے کہ قطعی ویقینی طور پر انبیا کا حصر کسی معین عدد میں کرنا جائز نہیں۔ اس سلسلے میں جو روایت کی گئی ہے وہ اعتماد وبھروسہ کے قابل نہیں۔

(۴۳) ہمارا اعتقاد ہے کہ تمام انبیائے کرام بالاتفاق عالم برزخ میں زندہ ہیں اور بغیر اختلاف و نزاع ان کی زندگی دنیوی زندگی کی مانند ہے۔

مسلمانوں کے گروہ پر جو چیز سید الانبیا جناب محمد مصطفیٰ ﷺ کے سلسلے میں واجب ہے وہ درج ذیل ہیں:

(۴۴) ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ جل شانہ نے حضور نبی اکرم ﷺ پر نبوت ختم فرما دی، لہٰذا آپ خاتم النبیین اس معنی کر ہیں کہ انبیائے کرام میں سب سے آخری نبی ہیں، جس نے اس معنی کا انکار کیا وہ بلا شک وشبہ کافر ہے، کوئی نبی آپ کے زمانے میں آپ کے سوا مبعوث نہیں کیا گیا، اسی طرح ختم نبوت کے بعد تا قیام قیامت کسی نبی کا بھیجا جانا ناممکن ہے۔

(۴۵) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے بعد جس نے کسی کے لیے حصول نبوت کا قول کیا بلکہ حصولِ نبوت کو جائز قرار دیا اور اس کے امکان کا قول کیا وہ کافر ہے، دائرۂ اسلام وایمان سے خارج ہے۔

(۴۶) ہمارا اعتقاد ہے کہ حضور نبی اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت تمام مکلفین کے لیے عام ہے آپ کی بعثت کو اہل عرب کے لیے خاص کرنا جیسا کہ عیسویہ وغیرہ سے منقول ہے تو یہ کھلی ہوئی گمراہی ہے۔

(۴۷) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ سرور کائنات حضور نبی اکرم ﷺ تمام مخلوق میں افضل واعلیٰ ہیں، کوئی فرشتہ اور رسول ان کے برابر اور مماثل نہیں چہ جائے کہ باقی دیگر لوگ۔

(۴۸) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی مثل آپ کے کمالات خاصہ مشخصہ میں ممتنع و محال ہے اور جس نے اس کا انکار کیا وہ گمراہ ہے۔

(۹) ہمارا عقیدہ ہے کہ معراجِ رسول ﷺ حق ہے، آپ کا رب آپ کو عالم بیداری میں مسجد اقصیٰ لے گیا پھر اس نے بلند وبالا آسمانوں کی سیر کرائی پھر مشیت الٰہی نے جہاں چاہا حضور کو سیر کرائی، جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مذہب کے مطابق آپ ﷺ نے اپنے رب کو اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا اور آپ کو اللہ سے کلام کرنے کا مشرف حاصل ہوا۔

(۵۰) ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ جل شانہ نے آپ کے دست مبارک پر معجزات کا ظہور فرمایا اور یہ

اعتقاد متواتر اور حد ضروریات دین میں داخل ہے، اور ان معجزات میں سے یہ ہے کہ اللہ عز وجل کی جانب سے ایک حکمت و دانائی والی کتاب لائے، جس کے ذریعے آپ نے فصحا و بلغا کو چیلنج کیا، وہ لوگ اس کتاب کا معارض پیش کرنے سے عاجز و قاصر رہے اور آپ کا یہ معجزہ بلا شک وشبہ متواتر ہے۔ ان معجزات میں سے ایک یہ ہے کہ آپ ﷺ نے کفار کے مطالبہ کرنے پر چاند کو شق فرمایا، اس معجزہ کے طرق لگ بھگ حد تواتر کو پہنچے ہوئے ہیں، جمہور مسلمانوں کے نزدیک یہ بلا شک معجزہ حقیقی ہے، اس کے اعجاز کا مدار صرف اخبار بالغیب کی نوع میں منحصر نہیں۔ ان معجزات میں سے ایک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مغیبات کا علم عطا فرمایا، تو آپ نے ان میں سے بہت سے غیوب کی خبر دی، ان میں سے بعض واقع ہو چکیں اور بعض ہونے والی ہیں، اس معجزے کی روایتیں بھی یقین و شہرت کی حد تک پہنچ گئیں ہیں، حضور نبی اکرم ﷺ کا اُمی ہونا آپ کا معجزہ اور آپ کے حق میں فضیلت ہے، ہاں البتہ آپ کے علاوہ کسی دوسرے کے حق میں یہ نقص و ذلت ہے، اسی وجہ سے غیر نبی کو آپ کی اِس صفت میں تشبیہ دینا جائز نہیں۔ اسی طرح ہر اس صفت میں کسی کو حضور سے تشبیہ دینا جائز نہیں جو آپ کے حق میں جنس کمال ہے اور آپ کے سوا کے حق میں نقصان کی جنس سے ہے، بلکہ علمائے کرام نے اس جیسی مثالوں پر گمراہی و سرکشی کا حکم لگایا ہے۔

(۵۱) ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ جل شانہ نے آنحضرت ﷺ کو فضائل آخرت میں سے وہ فضیلت عطا فرمائی جس کا ظہور قیامت میں ہوگا جیسے حوضِ کوثر، شفاعت وغیرہ۔

(۵۲) ہمارا عقیدہ ہے کہ آپ ﷺ ہی کی وہ ذاتِ گرامی ہے کہ آپ کے مبارک ہاتھوں سے بابِ شفاعت کھلے گا، اولین و آخرین آپ کے دامن میں پناہ لیں گے تو حضور نبی کریم ﷺ اپنے رب سے شفاعت کی اجازت طلب کریں گے، اللہ ان کو اجازت عطا کرے گا، لہٰذا حضور سب سے پہلے شفاعت کرنے والے ہیں اور سب سے پہلے وہ شخص ہیں جن کی شفاعت قیامت کے دن قبول کی جائے گی۔

(۵۳) ہمارا عقیدہ ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کی شفاعت کی کئی قسمیں ہیں، ان میں سے ایک شفاعت عظمیٰ ہے، جو موقف میں مخلوق کی راحت کے لیے ہے اور یہ شفاعت مومن و کافر دونوں کے لیے عام ہے اور اس میں کسی مسلمان کا اختلاف نہیں۔ ان میں سے ایک شفاعت بہت سی

قوموں کو بغیر حساب وسوال جنت میں داخل کرنے کے لیے ہوگی۔ایک شفاعت ان لوگوں کے حق میں ہوگی جن کا حساب ہو چکا ہوگا اور وہ جہنم کے مستحق ہوں گے (یہ شفاعت) اس لیے ہوگی تا کہ ان کو عذاب نہ پہنچے۔اقسام شفاعت میں سے ایک شفاعت بعض کافرین کے لیے دردناک عذاب میں تخفیف کے لیے ہوگی، جیسا کہ احادیث متفق علیہ حضور کے چچا ابو طالب کے حق میں ثابت ہیں اور یہ شفاعت محض اللہ کے فضل سے ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ ہمارا اعتقاد ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی وجاہت اپنے رب کریم کی بارگاہِ عالی میں حصر وقیاس سے بالاتر ہے اور کوئی بھی شخص رب بے نیاز کی بارگاہ میں آپ ﷺ کی وجاہت سے مستغنی نہیں ہوگا۔

(۵۴) ہمارا عقیدہ ہے آپ ﷺ اللہ کے محبوب ہیں اور آپ کی رضا وخوشی اللہ کو مطلوب ہے۔

امامت سے متعلق عقیدہ

(۵۵) ہمارا عقیدہ ہے کہ ہر زمانے میں مسلمانوں پر ایمان کے احکام جاری کرنے کے لیے خاندان قریش میں سے ایک امام برحق کو مقرر کرنا لازم وضروری ہے۔

(۵۶) ہمارا اعتقاد ہے کہ رسول اکرم ﷺ کی ظاہری حیات کے بعد بالتحقیق امام عادل اور خلیفۂ راشد حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں، ان کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں، پھر ان کے بعد حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ ہیں پھر حضرت علی بن طالب کرم اللہ وجہہ ہیں ان حضرات کی امامت جمہور صحابہ کرام میں سے اہل حل وعقد کی بیعت اور سید الانبیا حضور نبی کریم ﷺ کے اشارات کے ذریعے ثابت ہے۔

(۵۷) مدینہ طیبہ میں امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت راشدہ کے ثابت ہونے کے بعد بعض صحابہ کرام جیسے حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عمرو بن العاص وغیرہم سے جو بغاوت صادر ہوئی وہ شبہ اور خطائی الاجتہاد کی بنا پر تھی، لہٰذا ان صحابہ کرام کے حق میں ان کے فعل پر انکار کے باوجود ہم صرف وہی عقیدہ رکھیں گے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ان کے حق میں فرمایا کہ ''یہ حضرات ہمارے بھائی ہیں، انہوں نے ہم سے بغاوت کی، کافر وفاسق نہیں''۔حضرت علی کا یہ قول حق ودرست ہے۔

(۵۸) ہمارا عقیدہ ہے کہ وہ خوارج جنہوں نے اس وقت حضرت علی اور جملہ صحابہ کرام کی تکفیر کی یہ شبہ کے بنا پر باغی نہیں ہیں بلکہ یہ لوگ حق سے عناد رکھنے، باطل کو عمداً اختیار کرنے والے اور دین حق سے نکلنے والے ہیں، اس کے باوجود حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ان کی تکفیر نہیں فرمائی، لہٰذا ان کو جزماً کافر نہیں قرار دیا جائے گا بلکہ ان پر فاسق وفاجر ہونے کا حکم لگانے پر اکتفا کیا جائے گا۔

(۵۹) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے خلافت چھوڑنے اور حضرت امیر معاویہ کو امارت سپرد کر دینے کے بعد حضرت امیر معاویہ کی امامت امامتِ صحیحہ ہوگئی، اگر چہ وہ خلافت راشدہ نہیں ہوئی اور یزید کی حکومت حکومتِ جبریہ فاسدہ ہے کیوں کہ اس کے متواتر ظلم و فسق کی بنا پر اہل حل وعقد اس کی حکومت پر رضا مند نہیں ہوئے۔

یزید پر لعن شخصی کے جواز میں اہل علم وفضل کا اختلاف ہے، تو احوط واسلم طریقہ یہ ہے کہ اس اعتقاد کے ساتھ کہ یزید اپنی زندگی میں اپنے افعال خبیثہ کی وجہ سے لعنت کا مستحق ہے، لیکن اس کی موت کے بعد توقف کیا جائے گا کیوں کہ حتمی طور پر اس کے خاتمے کی حالت کا یقین واذعان نہیں ہے (کہ اس کا خاتمہ ایمان پر ہوا یا نہیں؟) اور اعتبار خاتمے کا ہوا کرتا ہے، لہٰذا محقق علمائے کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ کسی کافر کی موت کے بعد متعین طور پر اس پر لعنت کرنا مناسب نہیں، یہاں تک کہ خبر متواتر کلامِ الٰہی یا کلام رسول سے کفر پر اس کی موت کا علم یقینی نہ ہو جائے۔

صحابہ کرام کی تعظیم اور ان کی شرف وفضیلت کا عقیدہ

(۶۰) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ ورسول کے حکم کے مطابق تمام مسلمانوں پر صحابہ کرام کی محبت و عظمت واجب ہے۔

(۶۱) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ صحابہ کرام اگر چہ معصوم نہیں لیکن سب کے سب عادل ہیں۔ روافض اور خوارج نے بعض وہ چیزیں نقل کیں ہیں جو صحابہ کرام کی عدالت کو مجروح کرتی ہیں تو یا تو یہ نقل ہی باطل وغیر مقبول ہے یا اس کو خطاء فی الاجتہاد پر محمول کیا جائے گا، یا صحابہ نے اس سے رجوع کر لیا اور ان کا رجوع اور توبہ منقول ہے۔

(۶۲) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ صحابہ کرام میں سے ہر ہر فرد کثرت ثواب، عظمت و بزرگی، تقرب الی

اللہ کی رُو سے تمام اولیائے کرام سے افضل واعلیٰ ہے۔

(٦٣) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ معنی مذکور کے اعتبار عنداللہ اور عندالمسلمین اولیائے کرام میں سب سے افضل حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں، پھر حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ، پھر حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ، پھر حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ ہیں اور یہی جمہور علمائے کرام کا قول ہے۔

(٦٤) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ یقیناً حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ کی روح کے لیے پھول اور نوجوانانِ جنت کے سردار ہیں۔

(٦٥) ہمارا عقیدہ ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کی ازواج اور آپ کی صاحبزادیاں سب کی سب طیب و طاہر ہیں، ہم ان سب کے لیے قطعی وحتمی طور جنتی ہونے کی شہادت دیتے ہیں۔

(٦٦) ہم عقیدہ رکھتے ہیں اصحابِ بدر، اصحابِ اُحد اور اصحاب بیعت رضوان میں سے ہر ہر فرد یقینی طور پر جنتی ہے اور تمام دیگر صحابہ کرام کے لیے ہم یہ گواہی دیتے ہیں کہ وہ عمومی طور پر اہل جنت میں سے ہیں، ان کو جہنم کی آگ نہیں چھوئے گی، لیکن حتمی ویقینی طور پر متعین کر کے کسی کے لیے جنتی ہونے کا قول نہیں کر سکتے سوائے ان حضرات کے کہ جن کے حق میں تواتر کے ساتھ جنتی ہونے پر دلیل وبرہان قائم ہو چکی ہے۔

اولیائے کرام کی ولایت کا عقیدہ

(٦٧) ہمارا عقیدہ ہے کہ ولی اس اسرار الٰہی کی معرفت میں نبی ﷺ کا تابع ہے جن کا فیضان اللہ جل شانہ کی جانب سے نبی کریم ﷺ پر ہوتا ہے۔

(٦٨) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ ولی کسی بھی حال میں کسی نبی کے درجے ورتبے کو نہیں پہنچ سکتا اور بعض بدبختوں سے اولیا کا انبیائے کرام کے درجے کو پہنچنے کا جواز منقول ہے، یہ گمراہی وکفر ہے چہ جائے کہ انبیائے کرام سے افضل ہونے کو جائز قرار دینا۔

(٦٩) ہمارا اعتقاد ہے کہ اولیائے کرام کو الہام کے انواع سے نوازا جاتا ہے لیکن ان کا اللہ سے براہِ راست کلام کرنا ممکن نہیں۔

(۷۰) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ ولی جب تک کہ عاقل ہے وہ سقوط تکلیف کے درجے کونہیں پہنچ سکتا اور جس نے ولی کے حق میں یہ اعتقاد رکھا تو اس کا یہ قول کمزور و باطل ہے۔

(۷۱) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ رب العزت اولیائے کرام کو متعدد قسم کی کرامتیں عطا فرماتا ہے، جیسے انہیں تصرفات پر قدرت عطا کرتا ہے مثلاً پانی پر چلنا، مسافت زمین کا لپیٹ دینا، مردوں کو زندہ کرنا اور ان ہی کرامتوں میں سے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو کچھ علم غیب عطا فرماتا ہے، ان کو مغیبات پر مطلع کر دیتا ہے۔ اللہ کے لیے علم غیب کے انحصار سے مراد اصلاً اور بالذات ہے بالجملہ علم غیب ایسا امر ہے جس کے ساتھ اللہ علام الغیوب منفرد و یکتا ہے، بندوں کے لیے سوائے وحی و الہام کے علم غیب کے حصول کا کوئی طریقہ نہیں۔

عالمِ دنیا کے حدوث اور اس کے متعلقات کا عقیدہ

(۷۲) ہمارا عقیدہ ہے کہ حقیقتاً بغیر کسی شک وشبہ کے اشیا کی حقیقتیں ثابت ہیں اور اہل دانش و بینش کے نزدیک ان کا علم متحقق ہے۔

(۷۳) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ شی حقیقت میں موجود ہے، اور جس نے اس میں مخالفت کی وہ گمراہ ہے۔ معدوم پر شی کا اطلاق مجازاً ہے جو محل نزاع سے خارج ہے۔

(۷۴) ہمارا عقیدہ ہے کہ ماسوی اللہ عالم کی تمام چیزیں فرش سے لے کر عرش تک اپنے تشخص و نوع کے ساتھ حادث ہیں۔

(۷۵) ہمارا اعتقاد ہے کہ فی نفسہٖ بالذات یہ ممکن ہے کہ اللہ رب قدیر اس عالم سے زیادہ محکم و مضبوط دوسرا کوئی عالم پیدا کر دے۔ اس مسئلے میں بعض اہل سنت نے اختلاف کیا ہے لیکن جو قول یہاں ذکر کیا گیا یہی زیادہ درست اور محکم ہے۔

(۷۶) ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس عالم میں سات آسمان اور سات زمینوں کو پیدا فرمایا ہے اور جن روایتوں میں زمین کے طبقوں کی مخلوق اور ان کے مکلّف ہونے کا بیان ہے وہ شاذ ہیں قطعی و یقینی اعتقاد کا فائدہ نہیں دیتیں۔

(۷۷) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ نصوص قرآنیہ، احادیث نبویہ اور ائمہ مسلمین کے اجماع واتفاق سے جنوں اور شیاطین کا وجود ثابت ہوتا ہے اور جس نے ان کے وجود کا انکار کیا وہ کھلی ہوئی گمراہی میں ہے۔

عالم برزخ اور عالم حشر کا عقیدہ

(۷۸) ہمارا عقیدہ ہے کہ موت دینا محض ختم کرنے کا نام نہیں ہے بلکہ انعام و اکرام یا تکلیف و آلام دینے کے لیے ایک عالم سے دوسرے عالم کی طرف لے جانے کا نام ہے۔

(۷۹) ہمارا عقیدہ ہے نیکو کاروں کو ان کی قبروں میں انعام و اکرام عطا کرنا اور بدکاروں کو ان کی قبور میں عذاب و تکلیف دینا بلا شک وشبہ حق ہے، کتنی ہی متواتر المعنی احادیث اس سلسلے میں وارد ہوئی ہیں۔

(۸۰) ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ منکر نکیر کے سوال حق ہیں، اس مسئلے میں سید الانبیا سرور کونین جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ سے تواتر کے ساتھ خبریں وارد ہوئی ہیں۔

(۸۱) ہمارا عقیدہ ہے کہ میت کی روح اپنے زائر کو پہچانتی ہے، اس کے کلام کو سنتی اور سمجھتی ہے اور اس کا سوائے جاہل یا متکبر کے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ اسلامی قانون کی رُو سے اِدراک آلات و اسباب کے ساتھ مشروط نہیں ہے۔ اہل خیر کی زیارتِ قبور، اہل اللہ کے نفوس قدسیہ سے استمداد و استعانت سے فائدہ حاصل ہوتا ہے جیسا کہ علمائے ذوی الاحترام نے اس کی صراحت فرمائی ہے۔

(۸۲) ہمارا عقیدہ ہے کہ زندوں کی دعا اور مالی عبادتوں کے ایصال ثواب سے بالاتفاق مردوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔ اسی طرح جمہور علمائے کرام کے نزدیک عبادات بدنیہ کے ثواب سے بھی مردوں کو فائدہ پہنچتا ہے، اگرچہ عبادات بدنیہ کے سلسلے میں کچھ اختلاف ہے۔

(۸۳) ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ رب العزت قیامت کے دن بدلہ عطا کرنے کے لیے تمام مردوں کو ان کے جسم و روح کے ساتھ زندہ فرمائے گا۔

(۸۴) ہم ثواب وعقاب کے لیے اعمال کے حساب کی حقیقت کا اعتقاد رکھتے ہیں۔

(۸۵) ہمارا اعتقاد ہے کہ کچھ قومیں بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل ہوں گی۔

(۸۶) ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ میزان حق ہے اس سے اعمال کا وزن کیا جائے گا جیسا کہ احادیث مبارکہ میں وارد ہوا ہے۔

